© rasailojaraid.com



نمبر ۴-۵      جلد ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

رسالہ

# مُرقع قادیانی

امرتسر - بابت ستمبر - اکتوبر سنہ ۱۹۰۸ء

## گُلدستہ قادیانی

اطلاع - چونکہ حکیم نورالدین اور مولوی احسن وغیرہ کا مضمون قادیانی رسالہ میں ایک جا نکلا تھا اسلئے اُنکا جواب بھی ایک جا دیا گیا لہذا مُرقع قادیانی اس دفعہ بھی دو نمبر ایک ساتھ نکلے ہیں ناظرین مطلع رہیں +

قادیانی مشن دن بدن کمزور ہو رہا ہے ڈاک بھی بہت کم آتی ہے +

خلیفہ نورالدین نے حکم دیا ہے کہ مرزا کی یادگار میں دینی مدرسہ قائم کیا جائے - ہم بھی اس مدرسہ کی تائید کرتے ہیں - امید ہے کہ مرزا صاحب کے راسخ مرید جی کھولکر اس میں چندہ دینگے ہم اُنکی تائید کرتے ہیں کہ آخکار یہ مدرسہ یادگار ہوگا اور

مرزائی جال عنقریب نسیاً منسیاً ہو کر اُڑ جائیگا

قادیانی اخبار الحکم پر مرزا کے مرنے سے ایسی کچھ بجلی گری ہے کہ کئی کئی نمبر نہیں آتا - ترقی ہے مگر معکوس +

قادیانی اخبار سخت پیچ و تاب میں ہیں کہ دام افتادوں کو کس طرح قابو رکھیں ؟ +

قادیانی واعظ مولوی محمد احسن امروہی امرتسر میں آئے ہم نے اُنکو مباحثہ کا رقعہ لکھا مگر افسوس کہ وہ رقعہ پہونچنے سے پہلے ہی چلے گئے +

قادیانی مشن کیطرف سے واعظ روانہ ہونیوالے ہیں ہمارے احباب بھی آگاہ رہیں کہ جہاں کوئی قادیانی واعظ یا ولی مرزا کا اشتہار دعا اور تبصرہ

© rasailojaraid.com